# 30ویں سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی تصحیح

ptcl

4 اپریل 2025 کو اخبارات میں شائع ہونے والے کمپنی کے 30ویں سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے حوالے سے اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام اور کتابوں کی بندش کی تاریخیں حسب ذیل تبدیل کی گئی ہیں:

| | |
|---|---|
| نظرثانی شدہ سالانہ اجلاس عام کی تاریخ | سالانہ اجلاس عام 25 اپریل 2025 کی بجائے 30 اپریل 2025 صبح 10:30 بجے اسلام آباد میں منعقد ہو گا |
| نظرثانی شدہ کتابوں کی بندش کی تاریخیں | 19 اپریل 2025 سے 25 اپریل 2025 کی بجائے 19 اپریل 2025 سے 30 اپریل 2025 (دونوں دنوں سمیت)۔ |

زاہدہ اعوان

گروپ کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد

بتاریخ: 8 اپریل 2025

**4 Column x 11cm (Urdu)**

15cm x 11 cm

